KATHY HOCHUL گورنر فوری ریلیز کے لیے: 2023/23/1

گورنر HOCHUL کی جانب سے ٹائیکونڈروگا کو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے نارتھ کنٹری کے چھٹے مرحلے کے 10$ ملین کا فاتح قرار دیے جانے کا اعلان

ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن سرمایہ کاریاں ریاست کی جامع اقتصادی ترقی اور کمیونٹی ترقی کی حکمت عملی کا ایک اہم حصہ ہیں

ریاست ٹائیکونڈروگا ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی اور تعمیر نو کے لیے رہائشیوں، سماجی رہنماؤں اور سرکاری عہدیداروں کے ساتھ مل کر کام کرے گی

گورنر Hochul نے آج اعلان کیا کہ ٹائیکونڈروگا قصبے کو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام (Downtown Revitalization Initiative, DRI) کے چھٹے مرحلے کے نارتھ کنٹری کے فاتح کی حیثیت سے 10$ ملین کی فنڈنگ ملے گی۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے قدام کے مرحلہ 6 کے لیے، ریاست کے 10 اقتصادی ترقیاتی علاقوں میں سے ہر ایک کو 10$ ملین کی رقم عطا کی جا رہی ہے، جو فنڈنگ اور سرمایہ کاریوں کی مد میں مجموعی طور پر 100$ ملین کی ریاستی ذمہ داری ہو گی تاکہ ڈاؤن ٹاؤنز کو متحرک مضافاتی علاقوں میں تبدیل کر کے کمیونٹیز کو اپنی معیشتوں کو فروغ دینے میں مدد ملے۔

گورنر Hochul نے کہا، "ہمارا ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام ریاست بھر کے شہروں کو پائیدار، سستے، اور چلنے کے قابل علاقوں میں تبدیل کرنے کی کلید ہے جہاں رہائشی اور مہمان یکساں طور پر ترقی کر سکتے ہیں۔ ٹائیکونڈروگا میں 10$ ملین کا نفوذ اس کی قدرتی خوبصورتی میں اضافہ کرے گا، مقامی کاروباروں کو زندہ کرے گا، اس کی بھرپور تاریخ کو اجاگر کرے گا، اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ یہ ایک ایسا علاقہ ہے جو مستقبل میں درپیش چیلنجوں کے لیے لچکدار ہے"۔

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام (DRI) اندرونِ شہر کے مضافات کو سرگرمی کے ایسے متحرک مراکز میں تبدیل کر کے ریاست کی اقتصادی ترقی کی پالیسی کے ایک جزو کے طور پر کام کرتا ہے جو اعلیٰ معیار کی زندگی کا پیش خیمہ ہیں اور کاروباروں، ملازمتوں اور معاشی و رہائشی تنوع کو اپنی جانب راغب کرتے ہیں۔ DRI کے سابقہ راؤنڈز کی طرح، ہر منتخب کردہ کمیونٹی بنیادی سطح سے اوپر جانے والی کمیونٹی منصوبہ بندی کے ذریعے ایک اسٹریٹجک منصوبہ تیار کرے گی جو اس شہر کی بحالی کے لئے ان کے وژن کو واضح کرے گا اور کلیدی نوعیت والے ایسے منصوبوں کی نشاندہی کرے گا جو تبدیلی کی صلاحیت رکھتے ہوں اور مزید نجی اور عوامی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھائیں۔ اس کے بعد ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ ایسے منتخب منصوبوں کو DRI فنڈز فراہم کرے گا جن میں بحالی اور کمیونٹی کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کی سب سے زیادہ صلاحیت دکھائی دے گی۔

ٹائیکونڈروگا

جھیل جارج اور جھیل چمپلین کے سنگم پر مکمل طور پر اڈیرونڈیک پارک کے اندر واقع، ٹائیکونڈروگا کا قصبہ شہر کے مرکز میں ہونے والی حالیہ سرمایہ کاری کو مزید بڑھانے اور زیر استعمال املاک اور عوامی جگہوں کو دوبارہ فعال کرنے کے لیے تیار ہے تاکہ اس اندرونِ شہر راہداری میں مزید فخر اور سرمایہ کاری کو متحرک کیا جا سکے۔ ٹائیکونڈروگا نئے سیاحتی مقامات اور سہولیات میں نئی سرمایہ کاری کرنے کی کوشش کرتا ہے جو گہری تاریخی جڑوں، عوامی پارکوں، تاریخی اگواڑے کی بحالی، مین سٹریٹ پر کاروباروں کی توسیع، سستی رہائش کے اختیارات

اور کاروباروں، سیاحوں اور رہائشیوں کو شہر کے مرکز کی طرف راغب کرنے کے لیے سڑک کی تزئین اور گیٹ وے کے بہتر مواقع فراہم کرتا ہے۔ یہ سرمایہ کاری ٹائیکونڈروگا کو اڈیرونڈیک اور وادئ چمپلین کے تفریحی مواقع اور تجربات کے مرکز میں تبدیل کر دے گی جس کے چاروں طرف قدرتی حسن اور کھلی عوامی جگہیں پیدل چلنے والوں کے لیے دوستانہ راہداری ہے۔

نارتھ کنٹری کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل نے پورے خطے کی کمیونٹیز کی جانب سے پیش کردہ تجاویز کا مکمل اور مسابقتی جائزہ لیا اور ٹائکونڈروگا کو نامزد کرنے سے قبل درج ذیل تمام معیارات پر غور کیا:

- ڈاؤن ٹاؤن فصیلوں والی جگہ ہے اور اس کی سرحدیں خوب اچھی طرح متعین ہیں؛
- ڈاؤن ٹاؤن پہلے والی یا آئندہ آنے والی نجی اور عوامی سرمایہ کاری کو فروغ دے سکتا ہے؛
- شہر کے اندر یا اس کے اردگرد روزگار کے مواقع کا حالیہ یا متوقع فروغ کارکنوں کو راغب کر سکتی ہے، تعمیر نو کی حمایت کر سکتی ہے، اور ترقی کو پائیدار بنا سکتی ہے؛
- ڈاؤن ٹاؤن متنوع برادریوں کے لئے ایک پرکشش اور قابل رہائش علاقہ ہے؛
- اس میونسپلٹی میں ایسی پالیسیاں پہلے ہی موجود ہیں، یا اس میں ایسی پالیسیاں بنانے اور ان پر عمل درآمد کرنے کی صلاحیت موجود ہے جو قابل رہائش بننے کی استعداد اور معیار زندگی بڑھانے میں اپنا کردار ادا کرتی ہیں؛
- اس میونسپلٹی نے کھلے ذہن والی اور مضبوط کمیونٹی شمولیت کا مظاہرہ کیا جس کے نتیجے میں شہر کی بحالی کے لئے ایک وژن اور منصوبوں اور اقدامات کی ابتدائی فہرست تیار ہوئی؛
- اس میونسپلٹی میں DRI پراسیس کا نظم و نسق کرنے کی مقامی استعداد موجود ہے؛ اور
- اس میونسپلٹی میں تبدیلی لانے والے ایسے منصوبوں کی نشاندہی ہو چکی ہے جو DRI فنڈز کی سرمایہ کاریاں کے ذریعے قریب مدت والے منصوبوں کے نفاذ کے لئے پہلے سے تیار ہوں گے۔

ٹائکونڈروگا کو ریاستی فنڈنگ اور سرمایہ کاریوں کی مد میں 10$ ملین کی رقم عطا کی گئی ہے تاکہ مقامی منصوبہ بندی کے عمل کے بعد اس کے ڈاؤن ٹاؤن کے مضافات کی بحالی کی جا سکے اور طویل مدتی ترقی کے لیے نئے مواقع تخلیق کیے جا سکیں۔ ٹائیکونڈروگا پلیٹسبرگ، واٹر ٹاؤن، ساراناک جھیل، پوٹسڈیم، ٹیوپر جھیل اور میسینا کے علاقوں کو جوڑتا ہے، جو DRI کے پہلے پانچ دوروں میں نارتھ کنٹری کے فاتح تھے۔

ٹائکونڈروگا 10$ ملین ڈالر کی DRI گرانٹ سے 300,000$ تک کے منصوبہ بندی فنڈز کے ذریعے اپنے ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی کے لیے سٹریٹیجک سرمایہ کاری منصوبہ تیار کرنے کے عمل کا آغاز کرے گا۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی رہنماؤں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی اس مہم کی قیادت کرے گی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم کی مدد و معاونت بھی حاصل ہو گی۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان مقامی اثاثوں اور مواقع کا جائزہ لے گا تاکہ معاشی ترقی، ٹرانسپورٹیشن، ہاؤسنگ اور کمیونٹی کے ایسے منصوبوں کی نشاندہی کی جا سکے جو شہر کی بحالی کے لئے ہر کمیونٹی کے وژن سے مطابقت رکھتے ہوں اور عملدرآمد کے لئے تیار ہوں۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان بحالی کے منصوبوں میں DRI گرانٹ فنڈز کی سرمایہ کاری کی رہنمائی کرے گا جس سے اس شہر کے لئے کمیونٹی کا وژن آگے بڑھے گا اور جو ریاست کی 10$ ملین کی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھا کر علاقے کے ترقیاتی منصوبوں میں مزید وسعت لائے گا۔ DRI کے چھٹے راؤنڈ کے منصوبے 2023 میں مکمل ہو جائیں گے۔

سیکریٹری آف سٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا، " ٹائیکونڈروگا بیرونی تفریح کا ایک مرکز ہے جو اڈیرونڈیکس کے قدرتی حسن سے گھرا ہوا ہے، جو اسے ریاست بھر میں اور ملک کے سیاحوں کے لیے ایک مثالی مقام بناتا ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے ذریعے یہ فنڈنگ ٹائیکونڈروگا کے اپنے شہر کو آس پاس کے تفریحی مواقع سے جوڑنے کے نصب العین کو پورا کرنے میں مدد دے گی جبکہ عوامی مقامات اور پُرکشش مقامات کو بڑھانے کے لیے قصبے کی گہری تاریخی جڑوں کو بھی ترغیب دے گی۔ میں اس کایا پلٹ منصوبے کو دیکھنے کا منتظر ہوں جو ٹائیکونڈروگا نے اپنے شہر کے مضافات کو بحال کرنے کے لیے تخلیق کیا ہے"۔

ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "ٹائیکونڈروگا بھرپور تاریخ اور قدرتی خوبصورتی کا گھر ہے، اور اس ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کی فنڈنگ سے رہائشیوں اور آنے والوں دونوں کے لیے مواقع اور جوش میں اضافہ ہو گا۔ اہلِ علاقہ کی زیرِ قیادت ایک تزویراتی منصوبہ اب تبدیلی لانے کے منصوبوں پر توجہ مرکوز کرے گا جو شہر کو مستقبل کے پھلتے پھولتے ہوئے علاقائی اور تفریحی مقام کے طور پر مزید نکھاریں گے"۔

نارتھ کنٹری علاقائی اقتصادی کونسل کے شریک چیئرمین James McKenna نے کہا، "گورنر Hochul کی قیادت میں، نارتھ کنٹری میں نیو یارک کی سرمایہ کاری ہمارے علاقوں میں نئی دلچسپی اور نئی ترقی کو جنم دے رہی ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام پورے نارتھ کنٹری اور ریاست نیو یارک کے علاقوں میں نئی اقتصادی ترقی کی کفالت اور تخلیق کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ ٹائیکونڈروگا کی ایک بھرپور اور منفرد تاریخ ہے جو لاتعداد مکینوں اور مہمانوں کا یکساں خیرمقدم کرتی ہے، اور شہر کے تزویراتی منصوبے کے لیے مرکز کے طور پر کام کرتی ہے، اور ہمیں ان کے انتخاب کی حمایت کرنے پر فخر ہے"۔

ریاست نیو یارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کی جانب سے ٹائیکونڈروگا کے لیے آج کے 10 $ ملین کے وعدے کے نتیجے میں علاقے میں بہت ضروری بہتری آئے گی، جس سے مستقل مکینوں اور اڈیرونڈیکس آنے والے مہمانوں کو یکساں فائدہ پہنچے گا۔ منصوبہ بندی کے عمل میں علاقائی رہنماؤں اور حصہ داروں کو شامل کرکے، DRI یقینی بنائے گا کہ ٹائیکونڈروگا کی مقامی ضروریات پوری ہوں۔ شہر کے مرکزی علاقوں کو بہتر بنا کر اور ہماری ریاست میں نئے اقتصادی مواقع پیدا کر کے نیو یارک کے قصبوں اور شہروں کو ترقی دینے کی لگن کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ"۔

ریاستی سینیٹر Daniel G. Stec نے کہا، "ٹائکونڈروگا اپنے شہر کے مرکز میں ترقی اور ترقی جاری رکھے ہوئے ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کا 10 $ ملین ان کوششوں کو آگے بڑھائے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ٹائکونڈروگا اڈیرونڈیک پارک آنے والے برسوں میں یہاں کے مکینوں مہمانوں کے لیے یکساں طور پر اقتصادی اور تفریحی سرگرمیوں کا مرکز بنا رہے"۔

رکنِ اسمبلی Matthew Simpson نے کہا، "ٹائکونڈروگا کے لوگ نارتھ کنٹری کے کچھ محنتی خاندان اور افراد ہیں۔ وہ وسیع پیمانے پر مشترکہ نصب العین کے حامل ہیں کہ ان کا قصبہ کیا بننا چاہتا ہے اور اس نصب العین کو حقیقت بنتے دیکھنے کے لیے ہر روز کام میں لگ جاتا ہے۔ یہ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کی گرانٹ دور سے دیکھنے والوں کو اس نصب العین پر یقین رکھنے کا اشارہ دیتی ہے۔ ان وسائل کے ساتھ، ٹائکونڈروگا حقیقتاً پُررونق علاقے کو اجاگر کرنے کے لیے رکھے گئے بہت سے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے ایک بڑی چھلانگ لگائے گا"۔

ٹائکونڈروگا قصبے کے سپروائزر Mark A. Wright نے کہا، "قصبہ ٹائکونڈروگا ریاست نیو یارک کا بے حد مشکور ہے اور DRI کے اس موقع کے لیے بہت پُرجوش ہے۔ ہم اقتصادی بحالی کے اپنے وژن کی تکمیل کے منتظر ہیں۔ اس موقع سے ناصرف ہمارے اندرونِ شہر کی راہداری بلکہ پورے ٹائکونڈروگا کے ساتھ ساتھ آس پاس کی بلدیات اور ایسیکس کاؤنٹی کے اس علاقے کو فائدہ ہونا ہے"۔

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے بارے میں

ریاست کے تمام دس علاقوں کے ڈاؤن ٹاؤنز اور مضافات میں احیائے نو کے عمل کو تیزتر کرنے اور اس میں توسیع کرنے کی غرض سے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام 2016 میں ترتیب دیا گیا تھا تاکہ وہ سرگرمی کے مراکز اور سرمایہ کاری کو تیز کرنے والے عوامل کی صورت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتی ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتی ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، چلنے کے قابل اندرونِ شہر بنتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19 عالمی وباء کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے نیز عوامی سواریوں کے

استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔

پروگرام کے پہلے پانچ برسوں میں ریاست نے 59 ڈاؤن ٹاؤنز میں $600 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کا اجراء کیا جو بحالی کے لئے تیار ہیں اور جو تعمیر نو، کاروبار، روزگار کی تخلیق، زیادہ سے زیادہ اقتصادی اور رہائشی تنوع اور مواقع کے لئے مقناطیس بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

شرکت کرنے والی کمیونٹیز کو ریاست کی 10 علاقائی ترقیاتی کاؤنسلز کی جانب سے نامزد کیا گیا ہے جس کی بنیاد اندرون شہر کے تبدیلی کے امکان پر ہے۔ ہر کمیونٹی کو شہر میں اسٹریٹجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرنے اور کلیدی محرک منصوبوں کو نافذ کرنے کے لئے 10$ ملین دیے جاتے ہیں جو کمیونٹی کی بحالی کے وژن کو آگے بڑھاتے ہیں اور اضافی نجی اور عوامی سرمایہ کاری سے استفادہ کرتے ہیں۔

DRI کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418